وہاب ریاض کی جارحانہ بیٹنگ نے سینٹرل پنجاب کو نیشنل ٹی ٹوئنٹی کے سیمی فائنل میں پہنچادیا

لاہور، 10 اکتوبر 2021ء:

ہوم سٹی سینٹرل پنجاب نے نیشنل ٹی ٹونٹی کے سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ سینٹرل پنجاب نے ٹورنامنٹ کے اٹھائیسویں میچ میں بلوچستان کو 3 وکٹوں سے ہرا کر ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں جگہ بنائی۔

بلوچستان کی ٹیم ٹورنامنٹ کے فائنل فور کی دوڑ سے باہر ہوگئی۔

وہاب ریاض کی 9 گیندوں پر 28 رنز کی برق رفتار اننگز نے سینٹرل پنجاب کو 163 رنز کا ہدف 11 گیندیں قبل حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے اننگز کے اٹھارویں اوور میں عماد بٹ کو لگاتار تین چھکے لگا کر میچ کا پانسہ پلٹ دیا۔

مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں سینٹرل پنجاب کا آغاز بھی زیادہ متاثر کن نہ تھا۔ محمد اخلاق کے علاوہ سینٹرل پنجاب کا کوئی بھی بیٹرز لمبی پارٹنرشپ لگانے میں کامیاب نہ ہوسکا۔ اوپنر محمد اخلاق نے 32 رنز بنائے۔

انہوں نے حسین طلعت کے ہمراہ دوسری وکٹ کے لیے 48 رنز کی شراکت قائم کی۔ فہیم اشرف نے 15 گیندوں پر 27 رنز بنا کر سینٹرل پنجاب کو میچ میں واپس لانے کی بنیاد رکھی جسے بعد ازاں وہاب ریاض نے دھواں دھار بیٹنگ سے فتح میں بدل دیا۔

بلوچستان کے عماد بٹ اور حارث سہیل نے 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔

اس سے قبل بلوچستان نے عبداللہ شفیق کی نصف سنچری اور عماد بٹ کے تیز رفتار ناٹ آؤٹ 43 رنز کی بدولت مقررہ بیس اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 162 رنز بنائے۔ دونوں بیٹرز نے چھٹی وکٹ کے لیے 46 رنز کی شراکت قائم کی۔ یہ بلوچستان کی اننگز کی طویل ترین پارٹنرشپ تھی۔

اوپنر عبداللہ شفیق نے 4 چھکوں اور 3 چوکوں کی بدولت 60 رنز کی اننگز کھیلی۔ انہیں ساتویں نمبر پر بیٹنگ کے لیے میدان میں اترنے والے عماد بٹ کے علاوہ کسی بھی بیٹر نے اسپورٹ نہ کیا۔ عماد بٹ نے 27 گیندوں پر 3 چھکوں اور 2 چوکوں کی بدولت 43 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔

ان دونوں کے علاوہ بلوچستان کے ڈبل فگرز میں داخل ہونے والے تیسرے بیٹر عمید آصف تھے۔ وہ 5 گیندوں پر 15 رنز بناکر اننگز کی آخری گیند پر آؤٹ ہوگئے۔

ثمین گل نے 20 رنز کے عوض 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ محمد فیضان نے 2 جبکہ قاسم اکرم اور احمد صفی عبداللہ نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

سینٹرل پنجاب کے ثمین گل کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

ٹورنامنٹ کے اٹھائیسویں میچ کے بعد ناردرن اور سینٹرل پنجاب کے پوائنٹس کی تعداد 12، 12 ہوگئی ہے۔ خیبر پختونخوا اور سندھ کی ٹیمیں 10، 10 پوائنٹس کے ساتھ بالترتیب تیسرے اور چوتھے نمبر پر موجود ہیں۔ بلوچستان کا پوائنٹس ٹیبل پر پانچواں اور سدرن پنجاب کا چھٹا نمبر ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager - Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.